دارالعلوم کے شب وروز

شفیق فاروقی

تعطیلات رمضان وعید | دارالعلوم میں ۱۰رشعبان المکرم سے دس شوال المکرم تک اسباق کی تعطیل رہی تاہم دفاتر اہتمام ۔ الحق اور دارالافتا، وغیرہ بدستور مصروف رہے۔ شعبۂ کتب خانہ میں بھی جلدبندی کا کام جاری رہا ۔ اور تعمیرات کا شعبہ بھی پورے زوروشور سے مصروف کار رہا۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہٗ کی صحت بحمداللہ بہتر رہی ۔ روزے اور تراویح میں قرآن کریم سننے کا سلسلہ بغیر انقطاع جاری رہا۔ عیدالفطر کے دن عیدگاہ میں ہزاروں افراد نے نماز عید سے قبل حسب دستور حضرت مدظلہ نے خطاب فرمایا اور امور کے علاوہ افغانستان کے جہاد اور عالم اسلام بالخصوص پاکستان پر اشتراکیت کے منڈلانے والے خطرات سے سامعین کو آگاہ کیا اور جہاد کی فتح اور ملک وملّت کی سلامتی کے لئے دعائیں کیں ۔

نئے تعلیمی سال کا آغاز | ۱۰رشوال سے نئے تعلیمی سال کا آغاز ہو چکا ہے طلبہ جوق درجوق آرہے ہیں اور داخلے جاری ہیں ۔ درس نظامی کے اعلیٰ درجات کے لئے ایک نئے جیّد اور بزرگ عالم دین حضرت مولانا فضل الٰہی المعروف بہ شاہ منصور صاحب حق صاحب کی تقرری بھی ہوچکی ہے ۔ پیر ۲۳رشوال کو حضرت شیخ الحدیث مدظلہٗ نے ایک بڑی تقریب میں درس ترمذی شریف سے اسباق کا افتتاح فرمایا۔ حضرت مدظلہٗ سال سابق کی طرح انشاءاللہ اس سال بھی ترمذی اور بخاری شریف کے کچھ حصے خود پڑھائیں گے ۔

شعبۂ حفظ وتجوید | ایک مستقل دارالحفظ والتجوید کے قیام اور شایانِ شان تعمیر کا سلسلہ پچھلے سال سے جاری ہے ۔ یہ تعمیر لاکھوں روپے سے بحمداللہ مکمل ہوکر دعوتِ نظارہ دے رہی ہے اب اس کی روغن اور سفیدی وغیرہ ہو رہی ہے ۔ اور اس شعبے کے لئے قراء وحفاظ کی تقرری ہوچکی ہے ۔ اور طلبہ بھی داخل کئے جارہے ہیں ۔ اس ماہ کے آخر میں یہ شعبہ انشاءاللہ کام شروع کردے گا ۔

احاطہ مدنیہ کی تکمیلی عمارت | دورۂ حدیث شریف کے طلبہ کے ہاسٹل احاطہ مدنیہ کا مغربی حصہ نامکمل تھا ۔ اور ان طلبہ کو قیام میں دقّت پیش آتی رہی ۔ اب ۱۴راگست کو حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے دیگر اساتذہ کی موجودگی میں اس تکمیلی حصہ کا سنگِ بنیاد رکھا ۔ اللہ کے فضل وکرم اور اہلِ خیر کی امداد کی توقع پر اس کی تعمیر بھی شروع ہوگئی ہے اس بلاک میں ۹ کمرے طلبہ کی رہائش کے لئے ہوں گے ۔ اور زیریں حصہ میں طلبہ کے لئے غسل خانے اور بیت الخلاؤں